# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 27 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷ ؍اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10 ؍بجے

***** ***** *****

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ مہا وِکاس آگھاڑی میں کانگریس کی تیسری ‘ دیگر 2 ؍حلیف جماعتوں کے امیدواروں کی دوسری فہرست جبکہ بی جے پی کی دوسری اور ایم این ایس کی پانچویں فہرست ظاہر

☆ اورنگ آباد مشرق حلقہ سے مجلس اتحادالمسلمین کی جانب سے سابق رکن پارلیمان سید اِمتیاز جلیل انتخابی میدان میں

☆ ریاست کے 24 ؍اضلاع میں 915 ؍شیڈ وانتخابی مراکز قائم کرنے کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ

☆ ووٹنگ فیصد بڑھانے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے مختلف مہمیں شروع

☆ ناندیڑ کے 52 ؍بٹالین کے تحت پربھنی میں قومی طلبہ فورس تربیتی کیمپ

اور

☆ پونے ٹیسٹ کرکٹ میں بھارت کو 113 ؍رن سے ہرا کر نیوزی لینڈ کی سیریز پر بڑھت

### اب خبریں تفصیل سے...

مہا وِکاس آگھاڑی کی تینوں اہم پارٹیوں نے کل امیدواروں کی فہرست جاری کی ۔ کانگریس نے 23 ؍امیدواروں کی دوسری جبکہ 16 ؍امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی ۔ اِن میں جالنہ حلقہ سے کیلاش گورنٹیال‘ اورنگ آباد مشرق حلقہ سے مدھوکر دیشمکھ ‘ نلنگا ابھئے کمار پاٹل ‘ ناندیڑ جنوب سے موہن راؤ ہمبرڈے ‘ دیگلور نِورتی کامبرے‘ مُکھیڑ ہنمنت راؤ بیٹ موگرے کر جبکہ تلجا پور حلقہ سے کلدیپ پاٹل کو امیدواری دی گئی ہے۔

شیو سینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ نے امیدواروں کی دوسری فہرست میں ہنگولی حلقہ سے روپالی پاٹل جبکہ پرتور حلقہ سے آسارام بوراڑے کو امیدواری دی ہے ۔

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار کی پارٹی کی فہرست میں چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے گنگا پور سے ستیش چوہان ‘ بیڑ سے سندیپ شرساگر ‘ دھاراشیو ضلع کے پرانڈا سے راہل موٹے ‘ یولہ مانک راؤ شندے جبکہ اہلیا نگر شہر حلقہ سے ابھیشیک کلمکر شامل ہیں ۔

***** ***** *****

بی جے پی نے بھی کل 22/امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی ۔ اِس میں ساسک وسطی حلقے سے دیورانی پھراندے، جت حلقہ سے گوپی چند پڈلکر، ورورا سے سنجئے دیوتڑے، دھولیہ دیہی سی رام بھدانے ' لاتور دیہی سی رمیش کراڑ جبکہ پنڈھر پور حلقہ سے سمادھان اوتاڑے کو امیدواری دی گئی ہے۔

مہاراشٹر نونرمان سینا نے کل پانچویں فہرست جاری کی اِس میں گنگا کھیڑ حلقہ سے روپیش دیشمکھ، پھلمبری باڑا صاحب پاتھری کر، عثمان آباد حلقہ سے دیودت مورے ' پرانڈا راجندر گپاٹ جبکہ بیڑ حلقہ سے سومیشور کدم کو امیدواری دی گئی ہے ۔

***** ***** *****

کُل ہند مجلس اتحادالمسلمین AIMIM کل اورنگ آباد مشرق حلقہ سے سابق رکن پارلیمان اِمتیاز جلیل کے نام کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

پرہار جن شکتی کے ریاستی صدر انیل گاوَنڈے نے کل ممبئی میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔ ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُڑے نے اُن کا استقبال کرتے ہوئے اُن کا تقرر بی جے پی کے ریاستی نائب صدر کے طور پر کیا۔گاوَنڈے کے ساتھی رکن اسمبلی پرکاش ڈہاکے اور اُن کی بیوی سئی ڈہاکے نے بھی اِس موقع پر بی جے پی میں شمولیت اختیار کی ۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے لیے آزاد امیدوار دینے کے بجائے مہاراشٹر سوراجیہ پارٹی اِس پارٹی کے نشان پر امیدوار کھڑا کرنے کی تجویز سوراجیہ پارٹی کے صدر چھترپتی سنبھاجی راجے نے مراٹھا ریزرویشن کے احتجاجی منوج جرانگے کو پیش کی۔چھترپتی سنبھاجی راجے نے کل جالنہ ضلع کے انتر والی سراٹی میں جرانگے سے ملاقات کرکے اِس بارے میں بات چیت کی۔

دریں اثناء شیوسینا لیڈر اُدئے سامنت کے بھی کل منوج جرانگے سے ملاقات کرنے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے ۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کی تشہیر کے لیے بنائے گئے راشٹروادی کانگریس کے تشہیری رتھ کو پارٹی صدر اجیت پوار نے ہری جھنڈی دکھائی ۔ راشٹروادی نے اپنی تشہیر کے لیے تیار کیے گئے اِس خصوصی LED گاڑی کے توسط سے مہایوتی کی معیاد میں روبہ عمل لائی گئی مختلف اسکیمیں ووٹروں کو دکھائی جائیں گی ۔

***** ***** *****

آئندہ اسمبلی انتخابات کے لیے چیف الیکشن محکمہ کی معرفت ریاست کے تقریباً 24/اضلاع میں 915/شیڈو رائے دہی مراکز قائم کیے جائیں گے۔رتنا گیری ضلع میں سب سے زیادہ 232/شیڈو انتخابی مراکز ہوں گے جبکہ سانگلی میں ایک شیڈو انتخابی مرکز ہوگا۔ مراٹھواڑہ کے چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع میں 9/ بیڑ 22/ اور ناندیڑ میں 12/شیڈو انتخابی مراکز قائم کیے جائیں گے۔

الیکشن کے دن خصوصی میسنجر ' واکی ٹاکی ' VHF 'وائرلیس' وائرلیس کمیونی کیشن خدمات 'سٹلائٹ فون ' جنگلات اور پولس محکمہ کے رنر اِس خصوص میں شیڈو مرکز میں فعال رہیں گے۔اِس کے علاوہ BSNL کی جانب سے متبادل گھریلو ٹرانسمِشن سسٹم بھی رہے گا۔

***** ***** *****

وِدھان سبھا کے لیے آئندہ 20 ر نومبر کو ووٹنگ ہوگی ۔ تمام ووٹروں سے اِس دن ووٹنگ کرنے کی اپیل ریاستی چیف سیکریٹری سُجا تا سونک نے کی ہے۔

***** ***** *****

سامعین ، اِسمبلی انتخابات کے موقع پر '' آڈھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھاچا ''پروگرام روز آنہ شام 7 ر بج کر 10 ر منٹ پر آ کاشوانی سے نشر کیا جا رہا ہے ۔ اِس پروگرام میں آج رائے گڑھ ضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا ۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آ کاشوانی چھترپتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آج آ کاشوانی کے من کی بات پروگرام کے ذریعہ عوام سے مخاطب ہوں گے ۔ یہ پروگرام کے تیسرے ایڈیشن کی پانچویں قسط ہے ۔ آ کاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلوں پر صبح 11 ر بجے یہ پروگرام نشر ہوگا ۔

***** ***** *****

ووٹنگ فیصد بڑھانے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے مختلف مہمیں روبہ عمل لائی جا رہی ہے۔ اِس مہم کے تحت ہنگولی میں سوئیپ کمیٹی کی معرفت اسکولوں میں طلباء سے قراردادی خطوط لیے جا رہے ہیں۔ اِس کے ذریعے طلباء نے اپنے سرپرستوں سے ووٹ دینے کی اپیل کر رہے ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تلجا پور نگر پریشد کے ابتدائی اسکول نمبر 2 ر میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا نے اپنے سرپرستوں کو SMS اور وہاٹس ایپ پر میسیج اِرسال کر کے ووٹ کرنے کی اپیل کی ہے ۔

بلاک ایجوکیشن آفیسر مہروبہ انعامداد اور پرنسپل گنیش روچکری کی سرپرستی میں اساتذہ کے موبائل سے طلباء نے میسیج اِرسال کیے ۔

***** ***** *****

ووٹنگ افسر اور ملازمین سے اپنے قومی فریضہ کو بخوبی ادا کرنے کی اپیل ناندیڑ ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے کی ہے ۔ ناندیڑ جنوبی اسمبلی حلقہ کے کوٹھا میں ہوئے تربیتی کیمپ سے وہ مخاطب تھے ۔ اِس کیمپ میں 884 ر صدر انتخابی مراکز اور افسران کو تربیت دی گئی ۔ اِس حلقہ کے حیدر باغ علاقے میں کل ووٹ بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے 57 ر میں سے 33 ر محصول ڈویژنوں میں مسلسل بارش سے ہوئے نقصان کی رپورٹ حکومت کو پیش کی گئی ہے لیکن اِس کے ساتھ ہی بقیہ 24 ر محصول ڈویژنوں کے متاثرہ کسانوں کو بھی قدرتی آفات شعبہ کے تحت مدد دیے جانے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے ۔ اِس معاملہ میں رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے ریاستی مدد و باز آبادکاری محکمہ کے چیف سیکریٹری کو خط لکھ کر فی الحال ضابطہ اخلاق کے وقت ریاستی الیکشن کمشنر کی اجازت سے نقصان بھرپائی دینے کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ‘ ناندیڑ اور ہنگولی اضلاع کے 52/مہاراشٹر بٹالین ناندیڑ کے تحت پربھنی میں قومی طلباء تنظیم کے تربیتی کیمپ کا انعقاد عمل میں آیا۔ اِس تربیتی کیمپ میں ڈِرل ‘ فائرنگ‘ اسلحہ جات کی شناخت اور تربیت ڈیزاسٹر منجمنٹ ‘ گشت کرنے اور گھات لگانے جیسے امور کی تربیت دی گئی۔ اِس کیمپ میں 469/این سی سی کیڈیٹس کے شامل ہونے کی اطلاع کرنل ایم رنگاراوٗ نے دی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین کھیلی جارہی 3/ٹیسٹ کرکٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ نیوزی لینڈ نے 113/رنوں سے جیت لیا۔ کل کھیل کے تیسرے دن نیوزی لینڈ کی دوسری اننگ 255/رنوں پر سمٹ گئی اور نیوزی لینڈ نے پہلی اننگ کی 103/رنوں کی برتری سمیت بھارت کے سامنے 359/رنوں کا مجموعی ہدف رکھا تاہم بھارت کی دوسری اننگ 245/رنوں پر ہی سمٹ گئی۔ 3/میچوں کی سیریز میں نیوزی لینڈ نے دو صفر کی ناقابل شکست برتری حاصل کرلی ہے۔ سیریز کا تیسرا اور آخری مقابلہ یکم نومبر سے ممبئی میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

لاتور میں کل سے ریاستی سطح کے 3/روزہ یوگا مقابلوں کا آغاز ہوا۔ اِن مقابلوں میں ریاست بھر سے 336/کھلاڑی شرکت کررہے ہیں۔ آئندہ کل تک جاری رہنے والے اِن مقابلوں میں شہریان سے شریک رہ کر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرنے کی اپیل ضلع کھیل افسر جگناتھ لکڑے نے کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں کل سے ریاستی سطح کے 2/روزہ اسکولی ووشو اسپورٹس مقابلوں کا افتتاح ناندیڑ ضلع ووشو سنگھٹنا کے سیکریٹری سوپان کٹکے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اِن مقابلوں میں ریاست کے 8/ڈیویژن کے کھلاڑ حصہ لے رہے ہیں۔

***** ***** *****

ماہِ نومبر میں سبھی وظیفہ یافتگان کو حیات کے صداقت نامے بینک میں پیش کرنا لازمی ہوتے ہیں۔ اِس خصوص میں لاتور ضلع ٹریژری دفتر کے بینکوں کی معرفت ‘ وظیفہ یابان اور خاندانی وظیفہ یابان سے اپنی حیات کے صداقت نامے یکم نومبر سے پیش کرنے کی اپیل ضلع ٹریژری آفیسر ڈاکٹر اُجولا پاٹل نے کی ہے۔

***** ***** *****

دیولی تہوار کے پیش نظر ناسک ضلعے کے لاسل گاوٗں زرعی بازار آئندہ پیر سے مسلسل 6/دن بندر ہے گا۔ دریں اثناء کل اِس بازار کمیٹی میں پیاز کو فی کوئنٹل 2/ہزار روپئے اوسطً قیمت حاصل ہوئی۔

***** ***** *****

آ خر میں خبر و ں کی سر خیاں ایک مر تبہ پھر سُن لیجیے . . .

☆ مہا وِکا س آ گھا ڑ ی میں کا نگر یس کی تیسر ی ، دیگر 2 / حلیف جما عتو ں کے امید وا رو ں کی دو سری فہرست ظا ہر جبکہ ، بی جے پی کی دوسری اور ایم این ایس کی پانچویں فہرست ظا ہر

☆ اورنگ آباد مشرق حلقہ سے مجلس اتحادالمسلمین کی جانب سے سابق رکن پارلیمان سید امتیاز جلیل انتخابی میدان میں

☆ ریا ست کے 24 / اضلا ع میں 915 / شیڈ وا نتخا بی مرا کز قائم کر نے کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ

☆ و وٹنگ فیصد بڑ ھا نے کے لیے ا نتظا میہ کی جا نب سے مختلف مہمیں شر و ع

☆ نا ند یڑ کے 52 / بٹالین کے تحت پر بھنی میں قو می طلبہ فو رس تر بیتی کیمپ

اور

☆ پو نے ٹیسٹ کرکٹ میں بھارت کو 113 / رن سے ہرا کر نیوزی لینڈ کی سیر یز پر بڑھت

علا قا ئی خبر یں ختم ہو ئیں

آ پ یہ خبر نا مہ ہما ر ے یو ٹیو ب چینل AIR چھتر پتی سنبھا جی نگر پر د و با ر ہ کسی بھی و قت سُن سکتے ہیں ۔

☆☆☆☆